# صوبہ خیبر پختونخواہ میں تعلیم کے شعبے میں سماجی احتساب کا فروغ




CGPA
CENTRE FOR GOVERNANCE AND PUBLIC ACCOUNTABILITY


ilm IDEAS
ADVOCACY AND INNOVATION FUNDS FOR EDUCATION IN PAKISTAN

**Centre for Governance and Public Accountability (CGPA)**

**Email: info@c-gpa.org** **Web: www.c-gpa.org**

Follow us on Facebook:
https://www.facebook.com/pages/Centre-for-Governance-and-Public-Accountability-CGPA/

Follow us on Twitter: @CGPA_Peshawar




Source: Finance Department, KP.

اوپر دیئے گئے چارٹ نمبر 2 میں خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں فی طالب علم سرکاری اخراجات میں عدم مساوات کو واضح کیا گیا ہے۔

## اس لیے ہم اپنے منتخب نمائندوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ

- خیبر پختونخواہ میں تعلیم کے حق کو یقینی بنانے کے لیے ضروری قانون سازی کی جائے۔
- خیبر پختونخواہ کے تعلیمی بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے اور تعلیم کی ترقیاتی بجٹ کو دوگنا کیا جائے۔
- لڑکیوں کے سکولوں کیلئے تعلیمی ترقیاتی بجٹ میں 70% حصہ برقرار رکھا جائے۔
- دیہی اور شہری علاقوں میں شرح خواندگی برابر لانے کے لیے دیہی اور شہری علاقوں کے تعلیمی بجٹ میں تفریق کو ختم کیا جائے۔
- بجٹ کی منصوبہ بندی اور استعمال میں لوگوں کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے اور بجٹ قوانین کی پاسداری کی جائے۔
- تعلیمی ترقیاتی بجٹ کے بروقت اور مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔
- سکولوں کی مرمت اور دیکھ بھال کیلئے کل تعلیمی بجٹ کا 15% مختص کیا جائے۔
- لوکل گورنمنٹ الیکشن کا انعقاد فی الفور کیا جائے تا کہ تعلیمی نظم ونسق کا اختیار نچلی سطح پر منتقل کیا جا سکے۔

## سی جی پی اے

سی جی پی اے ایک غیر منافع بخش اور غیر سرکاری سول سوسائٹی تنظیم ہے۔ جو کہ بنیادی حقوق اور اچھی حکمرانی کی بنیاد پر جامع ترقی اور امن کے فروغ کے لیے کوشاں ہے۔

**Table 5: District Education Budget Allocations Primary Vs Secondary** (Rs in Million)

| School Level | 2011-12 (BE) | 2011-12 (RE) | 2012-13 (BE) | 2012-13 (RE) | 2013-14 (BE) |
|---|---|---|---|---|---|
| **Current Expenditure** | | | | | |
| Primary | 17,578.5 | 21,729.8 | 21,095.5 | NA | 24,623.1 |
| Secondary | 19,083.3 | 23,416.0 | 24,707.0 | NA | 28,959.7 |
| **Total** | **36,661.8** | **45,145.8** | **45,802.5** | **NA** | **53,582.8** |
| **Development Expenditure** | | | | | |
| Primary | 1,108.7 | 1,375.6 | 1,829.0 | 1,596.7 | 1,743.4 |
| Secondary | 6,001.3 | 6,608.4 | 5,286.8 | 6,649.4 | 6,078.5 |
| **Total** | **7,110.0** | **7,984.0** | **7,115.8** | **8,246.1** | **7,822.0** |

(BE=Budget Estimates, RE=Revised Estimates)
Source: Finance Department, KP.

پچھلے 3 سالوں کے تعلیمی بجٹ کے تجزیے سے حکومتی پالیسی اور رجحان کا اندازہ ہوتا ہے جیسے کہ اوپر موجود جدول سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اگر جاری اور ترقیاتی اخراجات کا موازنہ کیا جائے تو صاف پتہ چلتا ہے کہ حکومت نے زیادہ ترجیح ثانوی تعلیم کو دی ہے۔

**Table 6: District Current Budget of B&SE: Salary Vs Non-Salary**

| Fiscal Year | School Level | Rupees in Million | | | In percent Share | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Salary | Non-Salary | Total | Salary | Non-Salary | Total |
| BE 2011-12 | Primary | 17,259 | 319 | 17,579 | 98% | 2% | 100% |
| | Secondary | 18,276 | 807 | 19,083 | 96% | 4% | 100% |
| RE 2011-12 | Primary | 21,186 | 544 | 21,730 | 97% | 3% | 100% |
| | Secondary | 22,310 | 1,106 | 23,416 | 95% | 5% | 100% |
| BE 2012-13 | Primary | 20,747 | 348 | 21,095 | 98% | 2% | 100% |
| | Secondary | 23,791 | 916 | 24,707 | 96% | 4% | 100% |
| BE 2013-14 | Primary | 24,487 | 136 | 24,623 | 99% | 1% | 100% |
| | Secondary | 28,647 | 313 | 28,960 | 99% | 1% | 100% |

(BE=Budget Estimates, RE=Revised Estimates)
Source: Finance Department, KP.

سب تعلیمی شعبہ کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ پچھلے سال یعنی 2013-14 میں جاری اخراجات میں سے 99% تنخواہ کی مد میں جبکہ صرف 1% دوسرے اخراجات میں خرچ ہوئے۔

اگر ہم اضلاع کی سطح پر تعلیمی اخراجات کا موازنہ کریں تو معلوم ہوگا کہ فی طالب علم ہونے والے اخراجات ہر ضلع میں مختلف ہیں۔ سب سے کم خرچ اَپر دیر میں یعنی 7,050 روپے جبکہ سب سے زیادہ خرچ ایبٹ آباد میں 17,959 روپے کیا جاتا ہے۔

صوبہ خیبر پختونخواہ میں اب بھی 20% سکولوں کی چار دیواری نہیں ہے۔ 30% میں پینے کا پانی، 42% میں بجلی جبکہ 16% میں غسل خانے کی سہولت موجود نہیں۔

## تعلیم کا حق

آئین پاکستان کے آرٹیکل 25 الف کے تحت تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور ریاست 5 سے 16 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کے لیے وضع شدہ طریقہ کار پر جیسا کہ قانون کے ذریعے مقرر کیا جائے مفت اور لازمی تعلیم فراہم کرے گی۔ اس آرٹیکل کے تحت ہر صوبے نے تعلیم کا حق بہم پہنچانے کے لیے قانون سازی کرنی ہے۔ صوبہ خیبر پختونخواہ کے علاوہ باقی تمام صوبوں نے اس حوالے سے قانون سازی کی ہوئی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ خیبر پختونخواہ میں بھی لازمی اور معیاری تعلیم کے لیے جلد از جلد قانون سازی کی جائے۔

## صوبہ خیبر پختونخواہ کے تعلیمی بجٹ کا مختصر جائزہ

خیبر پختونخواہ، پاکستان کی کل آبادی کا 13.4% بنتا ہے جس میں 83% آبادی دیہاتوں میں جبکہ باقی 17% شہروں میں رہتی ہے۔ حالیہ برسوں میں اس صوبے نے یکے بعد دیگرے قدرتی آفات اور دہشتگردی کا سامنا کیا جس کی وجہ سے صوبے کی معیشت اور بنیادی سہولیات کے ڈھانچے پر انتہائی بُرے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق شدت پسندوں نے صرف سال 2012ء میں 710 سکول تباہ کیے جس کی وجہ سے تقریباً 6 لاکھ بچوں نے تعلیمی سال مکمل نہیں کیا۔ آئین کی شِق 25 الف اور ملینیم ڈیولپمنٹ گولز (MDGs) جہاں تعلیمی حق کی بات کرتے ہیں، وہاں ہمارا صوبہ ان آفات اور دہشتگردی کی وجہ سے تنزلی کا شکار ہے۔

**خیبر پختونخواہ کے تعلیمی شعبے پر ایک نظر:** ہمارے ملک کا تعلیمی نظام 4 حصوں پر مشتمل ہے؛ پرائمری، ثانوی، اعلیٰ ثانوی اور اعلیٰ تعلیم۔ ذیل میں ہم پرائمری اور ثانوی تعلیمی شعبوں کا جائزہ لیں گے۔ اضلاع میں تعلیمی نظام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسروں کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔ تعلیمی مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (EMIS) جو کہ خیبر پختونخواہ کے تعلیمی ادارے کا ایک شعبہ ہے، کے مطابق سال 2012-13 میں تقریباً 3,093,000 بچے سکولوں میں داخل ہوئے جبکہ نہ داخل ہونے والی کی تعداد 287,361 تھی۔ جس میں 75% تعداد لڑکیوں کی ہے۔ ذیل میں دیئے گئے چارٹ اور جدول خیبر پختونخواہ کے تعلیمی شعبے کے مختلف اعداد و شمار کو ظاہر کرتے ہیں۔


**Table 1: Literacy Rates in % (Populations 10 years & above)**

| Region / Province | | 2010-11 | | | 2012-13 | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Male | Female | Both | Male | Female | Both |
| Pakistan | Overall | 69 | 46 | 58 | 71 | 48 | 60 |
| | Urban | 81 | 67 | 74 | 82 | 69 | 76 |
| | Rural | 63 | 35 | 49 | 64 | 37 | 51 |
| KP | Overall | 68 | 33 | 50 | 70 | 35 | 52 |
| | Urban | 77 | 50 | 63 | 78 | 52 | 66 |
| | Rural | 67 | 29 | 48 | 69 | 31 | 49 |

Source: Various Issues of Pakistan Social and Living Standard Measurement (PSLM) Surveys.

دیئے گئے شماریات سے سال 2010-11 اور 2012-13 کے شرح خواندگی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

**Chart1: District - Wise Over All Literacy rate-Population 10 years and older 2012-13**




Source: Various Issues of Pakistan Social and Living Standard Measurement (PSLM) Surveys.

اوپر دیئے گئے چارٹ نمبر 1 میں خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع کی شرح خواندگی میں عدم مساوات کو واضح کیا گیا ہے۔ ایک طرف ضلع ایبٹ آباد میں خواندگی کی شرح سب سے زیادہ 73% ہے جبکہ دوسری طرف تورغر میں سب سے کم 21% ہے۔

EMIS 2012-13ء سروے کے مطابق صوبے میں کل 27,975 سکول موجود تھے جس میں تقریباً 23,080 پرائمری سکول شامل ہیں۔ ان پرائمری سکولوں میں 54% سکول 2 یا 2 سے کم کمروں پر مشتمل

**Table 2: Govt Primary Schools Classroom: Enrolment ratio (Excluding Maktab & Mosque Schools)**

| No of Teachers | No of Schools | Pecent of Total | Enrolment |
|---|---|---|---|
| **Boys Schools** | | | |
| 1 Teacher | 1,175 | 10% | 67,665 |
| 2 Teacher | 4,835 | 39% | 349,903 |
| 3 or more teacher | 6,302 | 51% | 1,328,861 |
| Total | 12,312 | 100% | 1,746,429 |
| **Girls Schools** | | | |
| 1 Teacher | 1,450 | 18% | 87,879 |
| 2 Teacher | 3,367 | 42% | 226,012 |
| 3 or more teacher | 3,246 | 40% | 322,813 |
| Total | 8,063 | 100% | 995,640 |
| **Boys & Girls Schools** | | | |
| 1 Teacher | 2,625 | 13% | 155,544 |
| 2 Teacher | 8,202 | 40% | 575,915 |
| 3 or more teacher | 9,548 | 47% | 1,651,674 |
| **Total** | **20,375** | **100%** | **2,742,069** |

Source: Education Census Elementary and Secondary Education Department KP.

ہیں، جبکہ 18% پرائمری سکولوں کی اپنی عمارت موجود نہیں۔ ان سکولوں میں اساتذہ کا حال بھی کچھ زیادہ بہتر نہیں۔ 2,625 سکول ایسے ہیں جس میں صرف ایک استاد اور 8,202 سکول جس میں دو استاد تعینات ہیں۔

**خیبر پختونخواہ اور اس کا تعلیمی بجٹ:** گزشتہ 10 سالوں میں خیبر پختونخواہ میں تعلیم کے اخراجات میں سالانہ 11% اضافہ ہو رہا ہے۔ خیبر پختونخواہ میں بجٹ کے جاری اخراجات کا 26% تعلیم پر خرچ ہو رہا ہے جو کہ زیادہ تر اساتذہ کی تنخواہوں پر خرچ ہو جاتا ہے۔ خیبر پختونخواہ کے اعداد و شمار کے مطابق تعلیمی شعبہ حکومت کا سب سے بڑا سرکاری ادارہ ہے جس میں تقریباً 183,000 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ بجٹ کے اعداد و شمار کے مطابق صوبہ خیبر پختونخواہ میں باقی صوبوں کی نسبت پرائمری تعلیم پر سب سے کم جبکہ ثانوی تعلیم پر سب سے زیادہ خرچ ہو رہا ہے۔

**Table 3: Overall Budget Expenditure-Budget & Revised Estimates** (Rs in Million)

| Provincial Budget | 2011-12 | | 2012-13 | | 2013-14 |
|---|---|---|---|---|---|
| | BE | RE | BE | RE | BE |
| Current Expenditure | 149,000 | 161,000 | 191,600 | 195,000 | 211,000 |
| Current Capital Expenditure | 15,010 | 14,669 | 13,942 | 13,942 | 15,000 |
| Development Expenditure | 85,141 | 84,474 | 97,458 | 88,131 | 118,000 |
| **Total Expenditure** | **249,151** | **260,143** | **303,000** | **297,073** | **344,000** |

(BE=Budget Estimates, RE=Revised Estimates)

Source: Finance Department, KP.

اگر ہم بجٹ کے پچھلے 3 سالوں کا جائزہ لیں تو واضح ہوگا کہ 2012-13 کا بجٹ سال 2011-12 سے 21.61% زیادہ ہے جبکہ سال 2013-14 کا کل بجٹ سال 2012-13 کے بجٹ سے 13.53% زیادہ ہے۔

**Table 4: Share of E & SE Budget in Total Budget** (Rs in Million)

| Elementary & Secondary Education Budget | 2011-12 | | 2012-13 | | 2013-14 |
|---|---|---|---|---|---|
| | BE | RE | BE | RE | BE |
| **Current Expenditure (Total)** | **149,000** | **161,000** | **191,600** | **195,000** | **211,000** |
| *Of which* | | | | | |
| Elementary & Secondary Education Budget | 37,207 | 45,710 | 46,484 | 945 | 54,465 |
| Provincial Budget | 545 | 564 | 681 | 945 | 882 |
| District Budget | 36,662 | 45,146 | 45,802 | NA | 53,583 |
| **Development Expenditure (Total)** | **85,141** | **84,474** | **97,458** | **88,131** | **118,000** |
| *Of which* | | | | | |
| Elementary & Secondary Education Budget | 7,115 | 7,989 | 7,116 | 8,251 | 8,107 |

(BE=Budget Estimates, RE=Revised Estimates)

Source: Finance Department, KP.

اگر ہم اوپر دیئے گئے جاری اخراجات کا تجزیہ کریں تو سال 2012-13 میں جاری اخراجات سال 2011-12 سے 24.93% زیادہ تھے جبکہ سال 2013-14 کا جاری بجٹ سال 2012-13 سے 17.17% زیادہ تھا۔ دوسری طرف ترقیاتی بجٹ پچھلے 3 سالوں میں مناسب اضافہ دیکھنے میں نہیں آیا۔